© rasailojaraid.com



# گوشہ تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : جَوّدِ القرآن ۲۰۱۰ء

مصنف : شاہدہ قاری (فون: ۰۳۲۱۲۹۵۹۹۱۲)

ناشر : علوم القرآن انسٹی ٹیوٹ B-69 بلاک 11 گلستان جوہر

قیمت وصفحات : درج نہیں، ۳۵۶ صفحات

تجوید کی تدریس کے لئے نئے زوایے اور اسلوب اختیار کیے گئے ہیں، جس سے یقیناً تجوید کو فروغ حاصل ہوگا۔ پوری کتاب دو کلر میں شائع ہوئی ہے۔

محترمہ نے سبب تالیف بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مقصد یہ ہے کہ تجوید پر اتنی گرفت حاصل ہو جائے کہ پڑھنے والا دوسروں کو پڑھانے کے قابل ہو جائے، یہی محترمہ کی زندگی کا مشن ہے۔ محترمہ تدریس کا طویل تجربہ رکھتی ہیں، اور اس عمر میں بھی حصول علم کا شوق کم نہیں ہوا، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایم اے عربی کر رہی ہیں اور یہی شرف ملاقات کا سبب بنا۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ محترمہ سے دین کی خدمت لے اور اس کوشش و کاوش کو قبول فرمائے، آپ کی شخصیت دیگر خواتین کے لئے قابل تقلید و نمونہ ہے۔ آمین۔ کتاب اس لائق ہے کہ قراء کرام و اساتذہ کرام اس سے استفادہ کریں اور اسے ہر لائبریری کی زینت بنایا جائے۔

مجلّہ : پہچان (کتابی سلسلہ) میر پور خاص

ایڈیٹر : تاج قائم خانی / ذوالفقار دانش / کرن سنگھ

قیمت وصفحات : درج نہیں۔ ۱۹۲ صفحات

ملنے کا پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۶۳ تاج چیمبرس نیو ٹاؤن میر پور خاص

مجلّہ میں ادبی مضامین کے ساتھ افسانے، گیت، غزلیں، نظمیں، ترجمے اور تبصرے شامل ہیں۔ یہ مستقل ماہنامہ یا سالنامہ نہیں، بلکہ کتابی سلسلہ کا عنوان دے کر اس کے شمارے شائع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیئے جاتے ہیں، پیش نظر شمارہ اگست ۲۰۱۰ء کا ہے، اور کتابی سلسلہ نمبر ۲۱ ہے۔ متوازن علمی مجلّہ ہے اور علم وادب کے فروغ میں اہم رول ادا کر رہا ہے، ورنہ آج کل ادب کے نام پر فحش رسائل شائع ہو رہے ہیں، یہ ایک قابل قدر کوشش ہے، ادبی ذوق رکھنے والوں کیلئے عمدہ مجلّہ ہے، پروفیسر ذوالفقار دانش صاحب کتب پر تبصرہ تحریر فرماتے ہیں، ضرورت ہے تحقیقی مضامین بھی تحریر فرمائیں جو پی ایچ ڈی کے بعد ان کے لئے بہت مفید ثابت ہوں گے، انشاء اللہ

مجلّہ : ششماہی علوم القرآن انڈیا

ایڈیٹر : اشتیاق احمد ظلی/ظفر الاسلام اصلاحی/ابوسفیان اصلاحی

یہ مجلّہ ۱۹۸۵ء سے شائع ہو رہا ہے، اور اس نے علوم القرآن کے حوالہ سے گراں قدر مقالات شائع کیئے ہیں، ان خدمات کو جناب محمد شاہد حنیف صاحب اور سمیع الرحمٰن صاحب نے زندہ و جاوید بنادیا ہے۔ چالیس صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ بہت شاندار علمی خدمت ہے، محمد شاہد صاحب ادارہ اقبال لاہور کے ملازم ہیں، لیکن رضا کارانہ طور سے بہت جانفشانی کے ساتھ دین و علم کی خدمت میں منہمک ہیں، موصوف نے پیش نظر علوم اسلامیہ کا پانچ سالہ اشاریہ بھی مرتب کیا تھا، اب انشاء اللہ دس سالہ اشاریہ بھی آپ ہی مرتب کریں گے، موصوف نے بہت سے مجلّات کے لئے یہ خدمت انجام دی ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام اشاریہ ایک CD پر کر کے برائے فروخت مشتہر کردیئے جائیں تاکہ اہل علم انہیں خرید کر ریسرچ میں مدد لے سکیں۔ اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو دنیاوی و اخروی کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

فہرست اشاریہ رسائل وجرائد:

دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک کے ماہنامہ الحق کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۵۵۲

القاسم اکیڈمی، نوشہرہ کے ماہنامہ القاسم کا ۱۴/ سالہ اشاریہ، ص ۲۱۴

ادارہ علوم القرآن، علی گڑھ کے ششماہی علوم القرآن کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۴۰

ادارہ المیزان، اسلام آباد کے سہ ماہی المیزان کا اشاریہ، ص ۱۶،

© rasailojaraid.com